سوال

(701) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آخری نماز پڑھائی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آخری نماز پڑھائی تو کون سی رکعت میں اور کس رُکن میں شامل ہوئے تھے ؟

(محمد بشیر، بورے پیارے)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس نماز میں پہلی رکعت کے قیام ہی میں شامل ہوگئے تھے ۔

[ہفتہ یا اتوار کے روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیماری میں کمی محسوس کی تو آپ نمازِ ظہر کے لیے دو آدمیوں کے سہارے پر نکلے اور ابو بکر رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے جب ابو بکر رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو پیچھے ہٹنا شروع کیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : پیچھے نہ جاؤ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : مجھے ابو بکر کے پہلو میں بٹھا دو، پس انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ابو بکر رضی اللہ عنہ کے بائیں طرف بٹھا دیا ۔ ابو بکر رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا کرتے اور لوگوں کو تکبیر سُناتے ۔[1] ۲۵ ۱۰ ۱۴۲۳ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02 ص703

محدث فتویٰ